مجلس طبّی علاج 25 مدنی پھولوں میں سے مدنی پھول نمبر 4 کے ایک جز

"علاج کی طے شدہ شرائط" میں سے ایک اہم شرط

" اکثر دن فکر مدینہ کرنا اور مدنی انعامات کا رسالہ جمع کروانا" کی وضاحت

بعض عاشقان رسول اکثر ایام فکر مدینہ نہیں کرتے اور نہ ہی مدنی انعامات کا رسالہ جمع کراتے ہیں، یا آخری دن یکمشت سارے ماہ کی فکر مدینہ کر کے رسالہ جمع کراتے ہیں، باپا کی خواہش ہے کہ روزانہ فکر مدینہ کی جائے اور مدنی ماہ کے ابتدائی ایام میں رسالہ جمع کروایا جائے، کم از کم 16 دن باقاعدہ فکر مدینہ کرنے اور مدنی ماہ کے شروع میں رسالہ جمع کروانے پر ہی شرط پر عمل مانا جائے۔

مجلس طبّی علاج کی شرط "فکر مدینہ اور مدنی انعامات کا رسالہ جمع کروانا" جس ماہ علاج کی سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں اس سے ماقبل آخری تین (3) ماہ میں مکمل عمل کرنے والے اسلامی بھائی کو طے شدہ طریقہ کار کے مطابق علاج کی سہولت فراہم کی جائے گی۔

اگر کسی بھی وجہ سے اسلامی بھائی مدنی انعامات کا رسالہ اکثر دن پُر نہ کر سکا یا اپنے ذمہ دار کو جمع نہ کروا سکا تو انہیں علاج کی سہولت فراہم کرنے سے محروم رہے گی۔

مدنی انعامات کا رسالہ جمع کروانے کا وقت

شیخ طریقت امیر اہلسنت بانی دعوت اسلامی کی طرف سے مجلس مدنی انعامات کو ہر مدنی ماہ کا رسالہ جمع کروانے کا وقت نئے مدنی ماہ کی یکم تاریخ ہے البتہ مجلس مدنی انعامات کے ذمہ دار کو مدنی ماہ کی دس (10) تاریخ جمع کروانے والے کا بھی عمل شمار کر لیا جائے گا۔

یاد رہے "ہر ذمہ دار امین ہے! دانستہ غلط تصدیق کرنا منصب امانت کے منافی ہے۔" لہٰذا اگر کسی بھی ذمہ دار سے اس طرح کی تصدیق کا ثبوت ہوا تو شرعی رہنمائی لیکر اس ذمہ دار کو ان کے منصب سے معزول کیا جا سکتا ہے۔

مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران بھی تصدیق سے قبل معلومات کر کے اطمینان قلب کر لیں تاکہ غلط تصدیق کا امکان نہ رہے۔

میل کرنے کی تاریخ: مورخہ 17 صفر المظفر 1436 بمطابق 10 دسمبر 2014

15 ربیع الاول (1436)

07/1/15